لاہور (          ) آئی جی محکمہ جیل خانہ جات پنجاب نے فرائض میں غفلت، لاپرواہی و ڈیوٹی میں غیر حاضری میں ملوث ملازمین کی اپیلیں جناب آئی جی مرزا شاہد سلیم بیگ صاحب مسترد کر دی ہیں۔ جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

<u>**مسٹر مظہر اقبال اسلم، اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا حال تعینات دفتر ہذا۔**</u> مذکورہ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کی ڈیوٹی انسپکٹوریٹ آف پریزن پنجاب لاہور کے دفتر میں تھی۔ مذکورہ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ مورخہ 03.09.2018اور 04.09.2018 کو بغیر اطلاع اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر پایا گیا اور مورخہ 02.10.2018 کو پرنسل ہیرنگ کیلئے بلوایا گیا مگر مذکورہ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پھر غیر حاضر پایا گیا۔ جس کی بناء پر مذکورہ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کو شوکاز نوٹس دیا گیا۔

جس پر مورخہ 27.11.2018 کو ذاتی شنوائی کیلئے بلوایا گیا۔ جس پر جناب آئی جی صاحب نے مورخہ 28.11.2018 کو **"نوکری سے برخاست"** کر دیا۔

<u>**مسٹر ساجد رضا اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ، مسٹر جلال خان چیف وارڈر، مسٹر حیات ہیڈ وارڈر اور شاہد قمر سنٹرل جیل راولپنڈی**</u> مذکورہ آفیسر واہلکاران دوران ڈیوٹی میں غفلت اور کوتاہی کے مرتکب پائے گئے۔ جس کی بناء پر شوکاز نوٹسز جاری کیے گئے۔ مورخہ 28.11.2018 کو ذاتی شنوائی کیلئے بلوایا گیا۔ جس پر جناب آئی جی صاحب نے مورخہ 29.11.2018 کو مسٹر ساجد رضا اور شاہد قمر کو **بری الذمہ** قرار دیا اور جلال خان کی **دوسال کی سروس ضبط** اور محمد حیات کو **نوکری سے برخاست** کر دیا۔

<u>**مسٹر ظہور احمد ہیڈ کلرک ڈسٹرکٹ جیل رحیم یار خان**</u>

مذکورہ اہلکار دوران ڈیوٹی غفلت اور کوتاہی کے مرتکب پایا گیا جس کو شوکاز نوٹس دیا گیا مورخہ 27.12.2018 کو جناب آئی جی صاحب نے وارننگ دی۔

**مسٹر انجم شاہ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ** مذکورہ آفیسر دوران ڈیوٹی غفلت اور کوتاہی کے مرتکب پایا گیا **دوسال کی سروس ضبط** کر دی گئی۔

**مسٹر محسن علی اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ** مذکورہ آفیسر دوران ڈیوٹی غفلت اور کوتاہی کے مرتکب پایا گیا **نوکری سے برخاست** کر دیا گیا۔

**مسماۃ عاصمہ لیڈی اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ** مذکورہ آفیسر دوران ڈیوٹی غفلت اور کوتاہی کے مرتکب پائی گئی جس پر **ایک سال کی سالانہ ترقی بند** کر دی گئی۔

**مسماۃ حنا اکرم لیڈی اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ** مذکورہ آفیسر دوران ڈیوٹی غفلت اور کوتاہی کے مرتکب پائی گئی جس پر **نوکری سے برخاست** کر دی گئی۔

**مسٹر اویس رفیق، غلام رسول، ذیشان بوٹا، زاہد محمود، محمد جمیل، شیز از، ندیم رحمان، بشیر احمد، عمران علی، منور احمد، ارسلان احسن، ثقلین رفیق، محمد ارشد، محمد ندیم، رضوان علی، محمد امین ولد نذیر، سخاوت علی، فریاد علی، محمد سجاد، عبدالغنی، فرید احمد، عرفان احمد، محمد نصیر ولد بوٹا، اویس رفیق، زاہد نذیر، زاہد رضا، ولید اکبر، غلام رسول،** ان وارڈران نے اپنی اپنی اپیلیں جناب آئی جی صاحب کو دائر کیں جو کہ **" مسترد "** کر دیں گئیں۔

مرزا شاہد سلیم بیگ، آئی جی جیل خانہ جات نے محکمہ کے تمام آفیسران واہلکاران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے فرائض منصبی ایمانداری محنت، لگن وجانفشانی کے ساتھ سرانجام دیں انہوں نے مزید کہا کہ کرپشن اور بدعنوانیوں میں ملوث آفیسران واہلکاران کو سنگین سزائیں دی جائیں گی۔

**میڈیا کوآرڈینیٹر**
**برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات**
**پنجاب لاہور**

تطہیری نمبری                    مورخہ

کاپی برائے اطلاع۔

1۔ ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلشن پنجاب لاہور

2۔ تمام اُردو/انگریزی قومی روزنامہ جات اور الیکٹرانک میڈیا۔

**میڈیا کوآرڈینیٹر**
**برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات**
**پنجاب لاہور**